# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Friday, the 17th January, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MS. ASIYA NAZ TANOLI** **MS. NUZHAT SADIQ**
**MS. ZAHRA WADOOD FATEMI** **MS. SHAISTA KHAN** to invite attention of the Minister for Parliamentary Affairs to a matter of urgent public importance regarding persistent gender gap between male and female voters, which continues to effect women's full participation in the electoral process, causing grave concern amongst the public.

### MOTION

**4.** **SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR**, Deputy Prime Minister / Minister for Foreign Affairs to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said rules be suspended in order to take into consideration the Biological and Toxin Weapons Convention (Implementation) Bill, 2024.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**5.** **SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR**, Deputy Prime Minister / Minister for Foreign Affairs to move that the Bill to give effect to the Convention on the Prohibition of the Development, Production and Stockpiling of Bacteriological (Biological) and Toxin Weapons and on their Destruction, 1972 [The Biological and Toxin Weapons Convention (Implementation) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**6.** **SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR**, Deputy Prime Minister / Minister for Foreign Affairs to move that the Bill to give effect to the Convention on the Prohibition of the Development, Production and Stockpiling of Bacteriological (Biological) and Toxin Weapons and on their Destruction, 1972 [The Biological and Toxin Weapons Convention (Implementation) Bill, 2024], be passed.

### PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

**7.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK**, Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Courts Ordinance, 1962 [The Civil Courts (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

8. **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK**, Chairman Standing Committee on Law and Justice to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Courts Ordinance, 1962 [The Civil Courts (Amendment) Bill, 2024].

9. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973 [The Pakistan Coast Guards (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

10. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973 [The Pakistan Coast Guards (Amendment) Bill, 2024].

11. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

12. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024].

## CALLING ATTENTION NOTICE

13. **MS. ALIYA KAMRAN** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding shortage of medical equipment, including essential items like ventilators, testing machines and GeneXpert systems, in PIMS, Islamabad, the Federal Government Polyclinic, Islamabad and other federally administered hospitals, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**16th January, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعہ، ۱۷ جنوری، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ آسیہ ناز تنولی** **محترمہ نزہت صادق** **محترمہ زہرا ودود فاطمی**

**محترمہ شائستہ خان** وزیر برائے پارلیمانی امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو مرد اور خواتین ووٹروں کے مابین مسلسل پائے جانے والے صنفی فرق جس سے انتخابی عمل میں خواتین کی مکمل شرکت متاثر ہو رہی ہے، سے متعلق ہے۔

### تحریک

۴۔ **سینیٹر محمد اسحاق ڈار،** نائب وزیر اعظم/وزیر برائے خارجہ امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیاروں کی بابت کنونشن (عملدرآمد) بل، ۲۰۲۴ء کو زیر غور لانے کے لیے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات معطل کی جائیں۔

### قانون سازی

۵۔ **سینیٹر محمد اسحاق ڈار،** نائب وزیر اعظم/وزیر برائے خارجہ امور تحریک پیش کریں گے کہ جرثومی (حیاتیاتی) اور زہریلے ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور انہیں تلف کرنے کی بابت کنونشن کو مؤثر بہ عمل بنانے کا بل، ۱۹۷۲ء [کنونشن برائے حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیار (عملدرآمد) بِل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶۔ **سینیٹر محمد اسحاق ڈار،** نائب وزیر اعظم/وزیر برائے خارجہ امور تحریک پیش کریں گے کہ جرثومی (حیاتیاتی) اور زہریلے ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور انہیں تلف کرنے کی بابت کنونشن کو مؤثر بہ عمل بنانے کا بل، ۱۹۷۲ء [کنونشن برائے حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیار (عملدرآمد) بِل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

### قائمہ کمیٹی کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۷۔ **چوہدری محمود بشیر ورک،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی عدالتیں آرڈیننس، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی عدالتیں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۸۔ **چوہدری محمود بشیر ورک،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف دیوانی عدالتیں آرڈیننس، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی عدالتیں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۹۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان ساحلی محافظین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۰۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان ساحلی محافظین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۲۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۳۔ **محترمہ عالیہ کامران** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو پمز، اسلام آباد، فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک، اسلام آباد اور وفاق کے زیر انتظام دیگر ہسپتالوں میں طبّی آلات بشمول ضروری اشیاء جیسے وینٹی لیٹرز، ٹیسٹنگ مشینیں اور جین ایکسپرٹ سسٹمز کی قلت سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۶ جنوری، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**